# ٹاون میونسپل کارپوریشن ناظم آباد سینٹرل۔ کراچی

## شعبہ اطلاعات و تعلقات عامہ

Tel/Fax: 99260349 Email:dmc.centralinfo@gmail.com

## پریس ریلیز

### چیئرمین ناظم آباد ٹاؤن سید محمد مظفر کا یونین کمیٹی نمبر 02 گول مارکیٹ کا دورہ

### جماعت اسلامی کے اشتراک سے واٹر فلٹر پلانٹ کی تنصیب کے کام کا جائزہ

### یہ منصوبہ عوامی مفاد میں ایک اہم پیش رفت ہے

### ہم ناظم آباد کی عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے ہمہ وقت کوشاں ہیں: سید محمد مظفر

مورخہ 24 جولائی 2025

کراچی ( ) چیئرمین ناظم آباد ٹاؤن سید محمد مظفر نے یونین کمیٹی نمبر 02 گول مارکیٹ کا دورہ کیا۔ جماعت اسلامی کے اشتراک سے واٹر فلٹر پلانٹ کی تنصیب کے کام کا جائزہ لیا، اس موقع پر ڈائریکٹر سینی ٹیشن ظہیر احمد، ڈائریکٹر پارکس آصف حسین اور بی اینڈ آر کے عثمان غنی بھی موجود ہیں، چیئرمین ناظم آباد ٹاؤن سید محمد مظفر نے موقع پر موجود عملے سے کام کی موجودہ صورتحال کے بارے میں معلومات حاصل کیں اور بعض تکنیکی پہلوؤں پر ہدایات بھی جاری کیں۔ چیئرمین ناظم آباد ٹاؤن سید محمد مظفر نے اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہم ناظم آباد کی عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے ہمہ وقت کوشاں ہیں۔ صاف پانی کی فراہمی ہماری اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ منصوبے کو معیار کے مطابق اور مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے تاکہ علاقے کی عوام کو صاف اور محفوظ پانی کی سہولت جلد از جلد میسر آسکے یہ منصوبہ عوامی مفاد میں ایک اہم پیش رفت ہے، جو جماعت اسلامی کے اشتراک سے ممکن ہو رہا ہے۔ ہم تمام اداروں اور متعلقہ فریقین کا شکریہ ادا کرتے ہیں جو اس منصوبے کو عملی شکل دینے میں اپنا کردار ادا کر رہے ہیں، علاقے کے مکینوں نے بھی منصوبے کی رفتار اور معیار پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے چیئرمین اور ان کی ٹیم کا شکریہ ادا کیا۔

جاری کردہ:۔

فہیم مصطفیٰ
ڈائریکٹر انفارمیشن
ناظم آباد ٹاؤن